© rasailojaraid.com

# شوکت علی فہمی کو اعزاز

نئی دلی ۱۰ اپریل ایوان غالب نئی دلی میں منعقدہ ایک تقریب میں جن مختلف شخصیتوں کو ادب وصحافت اور شاعری کے شعبوں میں نمایاں خدمات کے لئے ایوارڈ ۱۹۸۹ء دیئے گئے۔ ان میں مفتی شوکت علی فہمی، کیفی اعظمی، ساحر ہوشیار پوری، شبیر احمد خاں غوری، جگیندر پال اور سید محمد مہدی کے نام نامی شامل ہیں۔ یہ اعزاز غالب انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے بیگم عابدہ احمد کی نگرانی واہتمام میں دیا گیا۔

نائب صدر جمہوریہ ڈاکٹر شنکر دیال شرما نے اپنے دست مبارک سے یہ انعامات تقسیم کئے۔

ادارہ برہان تمام انعام یافتگان اور خصوصاً مفتی شوکت علی فہمی ایڈیٹر دین دنیا کو اس عزت افزائی پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہے۔ ہمیں دلی مسرت ہے کہ مفتی صاحب کو اس اعزاز سے نوازا گیا۔

---

# گذارش

جوابی امور وخط وکتابت نیز منی آرڈر کرتے وقت اپنا خریداری نمبر کا حوالہ دینا نہ بھولیں۔ خریداری یاد نہ ہونے کی صورت میں کم سے کم جس نام سے آپ کا رسالہ جاری ہے اس کی وضاحت ضرور فرمائیں۔ چیک سے رقم نہ روانہ کریں صرف ڈرافٹ سے روانہ کریں۔ اور اس نام سے بنائیں۔ "برہان دہلی" "BURHANDELHI"

پتہ :- دفتر برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

© rasailojaraid.com